ماڈل پیپر "فارسی"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔II

حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ　　کل نمبر:20

سوال نمبر 1- نوٹ۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مار کر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) سبق "مولانا جلال الدین رومی" کس مصنف کی تحریر ہے؟

(الف) مولانا رومی　(ب) ڈاکٹر عبدالحسین زرین کوب　(ج) ڈاکٹر عبدالشکور احسن　(د) شیخ سعدی شیرازیؒ

(ii) شیخ فریدالدین کی عارفانہ مثنوی کا نام ہے۔

(الف) منطق الطیر　(ب) خمسہ　(ج) سعادت نامہ　(د) روشنایی نامہ

(iii) جب حمید صاحب کے بھائی کا فون آیا حمید صاحب کہاں بیٹھے تھے؟

(الف) لان میں　(ب) بیڈروم میں　(ج) باورچی خانہ میں　(د) ڈرائینگ روم میں

(iv) طوبیٰ جنت کی کس چیز کا نام ہے؟

(الف) ایک باغ　(ب) ایک درخت　(ج) ایک نہر　(د) ایک چشمہ

(v) "دانا و نادان" کے اشعار کس مثنوی سے لئے گئے ہیں؟

(الف) پنج گنج　(ب) خودی　(ج) معنوی　(د) شاھنامہ فردوسی

(vi) اردوگاہ کا مطلب ہے۔

(الف) اردو کی کتاب　(ب) اردو کا سبق　(ج) لشکرگاہ　(د) شکارگاہ

(vii) قطب الدین ایبک کا مزار لاہور کے کس بازار کے قریب ہے؟

(الف) شاہ عالمی　(ب) رنگ محل　(ج) اچھرہ　(د) انارکلی

(viii) "سائیں سہیلی سرکار" کا تعلق ملتان کے کس سید خاندان سے تھا؟

(الف) بخاری　(ب) زیدی　(ج) کاظمی　(د) نقوی

(ix) "قابوس نامہ" کا اصل نام کیا ہے؟

(الف) نصیحت نامہ　(ب) پندنامہ　(ج) سیاست نامہ　(د) شاھنامہ

(x) "سیم" کا کیا مطلب ہے؟

(الف) برداشت　(ب) دلیر　(ج) شریک　(د) ڈرپوک

(xi) "سعادت نامہ" کس ایرانی شاعر کی مثنوی ہے؟

(الف) نظامی گنجوی　(ب) ناصر خسرو　(ج) ابوالقاسم فردوسی　(د) امیر خسرو

(xii) "حمد" میں شاعر نے اللہ کو کن لوگوں کا واسطہ دیا ہے؟

(الف) پیغمبروں کا　(ب) اولیاء کرام کا　(ج) صحابہ کرامؓ کا　(د) نیک لوگوں کا

(xiii) علامہ اقبالؒ نے روئے زمین کی جنت کسے کہا ہے؟

(الف) سوات (ب) کشمیر (ج) کاغان (د) ناران

(xiv) رودکی سمرقندی محروم تھے۔

(الف) بینائی سے (ب) سماعت سے (ج) ایک آنکھ سے (د) زبان سے

(xv) استاد شاعران کس شاعر کا لقب ہے؟

(الف) سعدی (ب) حافظ شیرازی (ج) رودکی (د) مولانا روم

(xvi) اللہ تعالیٰ کی ذات کس کے طرز بیان سے جلوہ نما ہے؟

(الف) حضرت عمرؓ (ب) حضرت ابراہیمؑ (ج) حضرت محمد ﷺ (د) حضرت ابوبکرؓ

(xvii) "امیر عادل سبکتگین و آھوی مادہ" کا متن لیا گیا ہے؟

(الف) تاریخ بیہقی (ب) جامع التواریخ (ج) تاریخ گزیدہ (د) تاریخ جہانگشاہ

(xviii) شاھنامہ فردوسی، نظم کی کس صنف میں ہے؟

(الف) قصیدہ (ب) رباعی (ج) مثنوی (د) غزل

(xix) شیخ ابوسعید ابوالخیر نے کس شہر میں لوگوں سے علم نجوم کی باتیں کیں؟

(الف) مرو (ب) مشہد (ج) نیشاپور (د) بخارا

(xx) بادشاہ کے ندیم نے بیوقوفوں کی فہرست میں سب سے پہلے کس کا نام لکھا؟

(الف) اپنا (ب) وزیر کا (ج) بادشاہ کا (د) ملکہ کا

(3)

ماڈل پیپر "فارسی"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔II

حصہ انشائی

وقت:2:30 گھنٹے　　کل نمبر:80

حصہ اول

سوال نمبر2- کوئی سے 5 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) دیئے گئے الفاظ کے معنی لکھئے:　وثاق۔　خنگ۔　آھوبرہ۔　آفریدگار

(ii) مرکب اضافی اور توصیفی الگ الگ کیجئے:　کلام حق۔　ذات پاک۔　سایہ طوبیٰ۔　تیر قضا

(iii) جملوں میں استعمال کیجئے:　میوہ۔　نمی گذارد

(iv) واحد کے جمع اور جمع کے واحد بنایئے:　روزہ۔　گذشتگان۔　رومان۔　فرزند

(v) "دانی" اور "وارسی" فعل کی کون سی قسم ہیں؟

(vi) رفتن مصدر سے ماضی مطلق کی گردان بنایئے۔

سوال نمبر3- کوئی سے 5 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) نادانستہ جیسے چار الفاظ اور ان کے معانی لکھئے۔

(ii) آقای حمید و خانوادہ اش در کجا نشستہ بودند؟

(iii) بہترین ھنر ھا چیست؟

(iv) دیئے گئے الفاظ کے مترادف لکھئے:　موسس۔　مزار۔　سلطان۔　معروف

(v) ذکر محبوب چیست؟

(vi) مصادر کے مضارع لکھئے:　آمدن۔　رفتن

(vii) ضمائر متصل کو منفصل میں تبدیل کیجئے:　خودتان۔　خانمش۔　خانوادہ اش۔　خیالتان

سوال نمبر4- کوئی سے 5 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) دیئے گئے افعال کو منفی بنایئے:　گفت۔　بیفتاد۔　خاست۔　بکشاد

(ii) آدم از گفتار دانا چہ می شود؟

(iii) دیئے گئے الفاظ پر اعراب لگایئے:　فنون۔　معنوی۔　متداولہ۔　قرنھا

(iv) دیئے گئے الفاظ کے متضاد لکھئے۔　اندک۔　خوش۔　شیریں۔　جفا

(v) آیا بہ کسی آزار رساندن خوب است؟

(vi) استعارہ کی تعریف کیجئے اور دو مثالیں دیجئے۔

(vii) شکارگاھی اور غلامی میں "ی" کس حالت میں استعمال ہوئی ہے؟

سوال نمبر 5- درج ذیل میں سے پانچ (5) جملوں کا فارسی میں ترجمہ کیجئے۔ 5x2=10

(i) میں صبح سات بجے بیدار ہوا۔

(ii) ماں باپ کا احترام کرو۔

(iii) حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر ایران کے عظیم صوفی شاعر تھے۔

(iv) ایک آواز میرے کان میں پڑی۔

(v) حضرت لقمان بڑے نیک آدمی تھے۔

(vi) وہ گھوڑے پر سوار ہوا۔

(vii) نماز پڑھو، اچھائی کا حکم دو اور برائی سے روکو۔

(viii) میں نے ایک ہرنی دیکھی۔

حصہ دوم

سوال نمبر 6۔ درج ذیل پیراگراف میں سے کسی ایک کا بامحاورہ ترجمہ کیجئے۔ 8+1+1=10

(الف) زن وفرزند ومال وجاہ وحیات و وطن ہمہ محبوبات است۔ حج محکی است تا خود در زیارت خانہ خدا تواند کہ فراق این محبوبات اختیار کند۔ یا حب لہنہا غالب است ونمی گذارد کہ حج کند۔ روزہ محک است تا خود بہ ترک لہنہا بتواند گفت در رضای خدایا این غالب است ونمی گذارد کہ در رضای خدا کوشد۔

(ب) بدان ای پسر مردمان تا زندہ باشند ناگزیر باشند از دوستان۔ دوست نیک گنجی بزرگ است۔ چون دوست نو گیری پشت بادوستان کہن مکن۔ ہر کہ از دوستان نیندیشد دوستان نیز از او نیندیشند۔ با مردمان دوستی میانہ دار۔ بر دوستان بہ امید دل مبند کہ من دوستان بسیار دارم۔ دوست خاصہ خویش خود باش۔

سوال نمبر 7۔ درج ذیل اشعار کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 4+6=10

روزی ز سر سنگ عقابی بہ ھوا خاست — واندر طلب طعمہ پر و بال بیاراست

بر راستی بال نظر کرد و چنین گفت — امروز ہمہ روی زمین زیر پر ماست

بر اوج چو پرواز کنم از نظر تیز — می بینم اگر ذرہ ای اندر تہ دریاست

سوال نمبر 8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر نوٹ تحریر کیجئے۔ 10

ابوسعید ابوالخیر ۔ میر محمد حجازی

سوال نمبر 9۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر فارسی میں مضمون تحریر کیجئے۔ 10

رہبر ما۔ میہمن عزیز من۔ استاد من